## گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے لندن میں ملاقات

## گورنرسندھ کا الطاف حسین سے ملک کے موجودہ سیاسی ومعاشی حالات سمیت مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## سندھ میں اسٹریٹ کرائمز، اغوابرائے تاوان اور جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی بیخ کنی کی جائے۔الطاف حسین

## سٹی ناظم مصطفےٰ کمال نے الطاف حسین کوشہر میں جاری ترقیاتی کاموں اور شہری حکومت کو درپیش بعض مسائل سے آگاہ کیا

## مسائل کوافہام وتفہیم کے ذریعے حل کیا جائے۔الطاف حسین، کراچی میں ترقیاتی کاموں پر سٹی ناظم مصطفےٰ کمال کوخراج تحسین

لندن۔۔۔12، جولائی 2008ء۔۔۔گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد نے گزشتہ روزمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کے موجودہ سیاسی ومعاشی حالات سمیت مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد نے جناب الطاف حسین کوسندھ میں امن وامان کی صورتحال، مخلوط حکومت میں شامل جماعتوں کے باہمی تعلقات اورامن واستحکام کیلئے کی جانے والی کوششوں سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ صوبہ میں اسٹریٹ کرائمز، اغوابرائے تاوان اور جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی بیخ کنی کی جائے اورامن وامان کی صورتحال کومزید بہتر بنایا جائے تاکہ عوام خصوصاً تاجروں اورسرمایہ کاروں کوتحفظ کا احساس ہو،صوبہ میں کاروباری سرگرمیاں اورسرمایہ کاری کاعمل جاری رہے اورعوام کودرپیش مسائل حل کئے جاسکیں۔سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال نے بھی جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔سٹی ناظم نے جناب الطاف حسین کوسٹی گورنمنٹ کی جانب سے شہر میں ترقیاتی کاموں اورشہریوں کے مسائل کے حل کے سلسلے میں شہری حکومت کی کوششوں سے آگاہ کیا۔سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال نے جناب الطاف حسین کوشہری حکومت کودرپیش بعض مسائل سے بھی آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے مختلف رکاوٹوں اوردشواریوں کے باوجود شہر کی ترقی اورشہریوں کوزندگی کی بہترسہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں رات دن کام کرنے پر سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال اورشہری حکومت کوخراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے سٹی ناظم سے کہا کہ شہری حکومت کودرپیش مسائل کوافہام وتفہیم اور بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے لندن میں اپنی مصروفیات کے دوران مختلف اجلاسوں کی صدارت کرنے کے ساتھ ساتھ گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اورسٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال کے علاوہ پاکستان سے آنیوالے اراکین رابطہ کمیٹی اورمختلف تنظیمی کمیٹیوں کے ارکان سے بھی فرداً فرداً ملاقات کی اورموجودہ صورتحال کے بارے میں ان سے مشاورت کی۔

## حق پرست عوام شہنشاہ غزل مہدی حسن کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔13، جولائی 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شہنشاہ غزل مہدی حسن کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوراللہ تعالیٰ کے حضوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مہدی حسن کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## تعلقہ لطیف آباد کی حق پرست کونسلرعرش النساء کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔13، جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد کے تعلقہ لطیف آباد یوسی 6 کی حق پرست کونسلرمحترمہ عرش النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست کونسلرعرش النساء کوسپرد خاک کردیا گیا

## تدفین میں حق پرست نمائندگان اورایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، جولائی 2008ء۔۔۔حیدرآباد کے تعلقہ لطیف آباد یوسی 6 کی حق پرست کونسلرمحترمہ عرش النساء علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔مرحومہ کی عمر 45 سال تھی

اور وہ کینسر کے مرض میں مبتلا تھیں۔عرش النساء مرحومہ کے سوگواران میں شوہر،3بیٹیاں اور 2بیٹے شامل ہیں۔مرحومہ کو ہفتہ کے روز لطیف آباد نمبر 10 کے قبرستان میں سپردخاک کر دیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں تعلقہ لطیف آباد کے حق پرست یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم حیدرآباد کی زونل کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محترمہ عرش النساء کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر اورنگی ٹاؤن،لیاری،رنچھوڑ لائن،لانڈھی سیکٹرز اور میر پور خاص کے متعدد کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا گیا

کراچی۔۔۔13،جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن،لیاری،رنچھوڑ لائن،لانڈھی اور میر پور خاص زون کے متعدد کارکنان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر خارج کئے گئے کارکنان میں ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے معطل کارکن اسد اللہ ولد حشمت اللہ،ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن محمد حسین کچھی ولد جان محمد،یونٹ 31 کے کارکنان محمد جہانگیر ولد محمد شفیق،محمد عاصم ولد عزیز الرحمان،یونٹ 32 کے کارکن محمد رضوان ولد عبدالسلام،ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 5 کے کارکن نوید ولد نذیر،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن عبدل ندیم ولد عبدالحمید،ایم کیوایم میر پور خاص یونٹ A-2 کے کارکن وسیم احمد ولد عزیز احمد،یونٹ B-7 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد محسن ولد محمد شفیع،یونٹ A-7 کے کارکن فہیم احمد ولد عبدالرشید اور اے پی ایم ایس او میر پور خاص زون کے کارکن علی مردان شاہ ولد مظہر حسین شامل ہیں۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## شعیب بخاری ایڈوکیٹ کی علامہ شاہ تراب الحق قادری،مولانا تنویر الحق تھانوی سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔13،جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے ہفتہ کے روز معروف عالم دین علامہ شاہ تراب الحق قادری اور ممتاز عالم دین مولانا تنویر الحق تھانوی سے ملاقات کی اور انہیں صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے آگاہ کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علامہ شاہ تراب الحق قادری اور مولانا تنویر الحق تھانوی نے شعیب احمد بخاری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ طالبان دنیا بھر میں انتہاء پسندانہ سوچ کے باعث ایک جانب مسلمانوں اور اسلام کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں جبکہ دوسری طرف ان کی انتہاپسندانہ کارروائیوں کے باعث دنیا بھر میں مسلمان تضحیک آمیز رویہ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کا مقابلہ کرنے کیلئے وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔علمائے کرام نے واضح الفاظ میں کہا کہ ہم پاکستان بالخصوص کراچی میں طالبانائزیشن کو برداشت نہیں کریں گے۔اس موقع پر علمائے کرام نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ٹنڈوالہیار زونل کمیٹی کے رکن اور کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کی یونٹ کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13،جولائی 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کی زونل کمیٹی کے رکن رمضان سموں کے بڑے بھائی گل محمد سموں اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد امین کی ہمشیرہ محترمہ ریشماں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆